# اٹک ریفائنری لمیٹڈ

ARL

# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا اکیسواں (۲۱واں) غیر معمولی اجلاسِ عام بروز پیر ۱۲ جولائی ۲۰۲۱ کو دوپہر ۱۲ بجے اٹک ہاؤس، مورگاہ، راولپنڈی میں بذریعہ وڈیو لنک منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل امور زیر غور لائے جائیں گے۔

**عمومی امور:**

۱۔ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ ۱۵۹ کی دفعات کے تحت بورڈ کی جانب سے طے کردہ سات (۷) ڈائریکٹرز کا ۱۸ جولائی ۲۰۲۱ سے شروع ہونے والی تین (۳) سالہ مدت کے لئے انتخاب کرنا۔

ریٹائر ہونیوالے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

۱۔ جناب لیث جی فرعون ۲۔ جناب وائل جی فرعون ۳۔ جناب شعیب اے ملک ۴۔ جناب عبدالستار

۵۔ جناب جمیل اے خان ۶۔ جناب شمیم احمد خان ۷۔ جناب جی اے صابری

ریٹائر ہونیوالے ڈائریکٹرز دوبارہ منتخب ہونے کے اہل ہیں۔

۲۔ اجلاس میں پیش کئے جانیوالے دیگر امور کو چیئرمین کی اجازت سے نمٹانا۔

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کی دفعہ (۳) ۱۶۶ کے تحت جاری حقائق کا بیان اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

رجسٹرڈ آفس — بحکم بورڈ

دی ریفائنری — -Sd-

مورگاہ، راولپنڈی — سیف الرحمٰن مرزا

۱۸ جون ۲۰۲۱ — کمپنی سیکرٹری

**نوٹ:**

## کرونا وائرس (COVID-19) کے پیش نظر غیر معمولی اجلاسِ عام کے سلسلے میں ہنگامی منصوبہ بندی:

کرونا وائرس کی موجودہ صورتحال میں درپیش خطرات اور خصوصاً اس کی بعد کی لہروں کے پیش نظر سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر نمبر ۴ برائے ۲۰۲۱، مورخہ ۱۵ فروری ۲۰۲۱ اور سرکلر نمبر ۶ برائے ۲۰۲۱، مورخہ ۳ مارچ ۲۰۲۱، کے ذریعے کمپنیز کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اجلاس عام کے سلسلے میں اپنے معمول کے منصوبے میں ترمیم کریں تا کہ حصہ داران اور عوام الناس کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

اس بناء پر کمپنی اپنا سالانہ اجلاس عام بذریعہ ویڈیو لنک منعقد کرے گی جبکہ ممبران کی لازمی تعداد کی شرائط کی پاسداری کو یقینی بنایا جائے گا۔

ویڈیو لنک کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے لئے ارکان سے درخواست ہے کہ وہ اپنی درج ذیل معلومات کمپنی سیکرٹری آفس کو غیر معمولی اجلاس عام کے وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل یعنی ۱۰ جولائی ۲۰۲۱ دوپہر ۱۲:۰۰ بجے سے پہلے فراہم کر کے رجسٹر کروالیں۔

| حصص دار کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر* | ای میل پتہ* |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

* حصص داران سے درخواست ہے کہ وہ بروقت اطلاع کو یقینی بنانے کے لئے اپنا فعال موبائل نمبر اور ای میل فراہم کریں۔

## اطلاع دینے کا طریقہ کار:

مذکورہ بالا معلومات درج ذیل طریقوں سے فراہم کی جاسکتی ہیں:

الف) موبائل/واٹس ایپ: ۰۳۱۲-۵۰۶۶۳۸۹

ب) ای میل: 21eogm@arl.com.pk

ویڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ ان کی معلومات (زوم ایپلیکیشن) انہی حصص داران کو فراہم کی جائیں گی جو اجلاس میں شرکت کا ارادہ ظاہر کرتے ہوئے مذکورہ بالا تمام معلومات ۱۰ جولائی ۲۰۲۱ دوپہر ۱۲:۰۰ بجے تک یا اس سے قبل مہیا کر دیں گے۔

## ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے والے خواہشمند افراد کی نامزدگی:

انتخابات میں حصہ لینے کا خواہش مند اجلاس کی تاریخ سے ۱۴ دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ (۳) ۱۵۹ کی شرائط کے تحت بطور ڈائریکٹر انتخاب کے لئے اپنے آپ کو پیش کرنے کا نوٹس بمعہ مندرجہ ذیل کاغذات کے جمع کرائے گا:

i. امیدوار بطور ڈائریکٹر امور سرانجام دینے کی آمادگی کا باضابطہ طور پر مکمل اور دستخط شدہ فارم ۲۸؛

ii. ایس آر او ۲۰۱۹/ (۱) ۱۱۹۶ مورخہ ۳ اکتوبر ۲۰۱۹ کے تحت غیر معمولی اجلاس سے ۷ یوم قبل کمپنی کی ویب سائٹ پر نمایاں کرنے کے لئے امیدواروں کے تفصیلی کوائف مع ان کے دفتر کا پتہ؛

iii. اس امر کا توثیقی بیان کہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ضوابط، ۲۰۱۹ میں درج تقاضوں کی تعمیل کرتا ہے اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ میں درج اہلیت کی شرائط پر پورا اترتا ہے؛ اور

iv. موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی ہونے کی صورت میں)۔

## اجلاس میں شرکت اور نیابت داروں کی تقرری کے لئے:

### اجلاس میں شرکت کے لئے:

i. کوئی بھی رکن اپنے ایماء پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے نیابت دار مقرر کر سکتا/ سکتی ہے۔ نیابت داری فارم کو موثر ثابت کرنے کے لئے فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں مع مہر و دستخط، اجلاس سے ۴۸ گھنٹے قبل تک موصول ہو جانے چاہئیں۔ نیابت داری فارم نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

ii. افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر کو اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی کاپی بذریعہ ای میل (جیسا کہ نیابت داری فارم میں درج ہے) غیر معمولی اجلاس عام سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل فراہم کرنا ہوگی۔

iii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ مع نامزد کنندگان کے نمونہ دستخط، بذریعہ ای میل (جیسا کہ نیابت داری فارم میں درج ہے) اگر پیشگی مہیا نہیں کیا گیا غیر معمولی اجلاس عام سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل فراہم کرنا ہوگی۔

### نیابت داروں کی تقرری کے لئے:

i. افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور /یا اشخاص جن کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ریگولیشنز کے مطابق اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات اَپ لوڈ کی جاتی ہیں مندرجہ بالا تقاضوں کے مطابق نیابت داری کا فارم مہیا کریں۔

ii. نیابت داری فارم پر دو گواہان کے نام و پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر درج ہوں گے۔

iii. نیابت دار مقرر کرنے والا اور نیابت دار مقرر ہونے والا دونوں کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں نیابت داری فارم کے ہمراہ مہیا کرنا ہوں گی۔

iv. کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ مع نامزدگان کے دستخط کا نمونہ (اگر پیشگی مہیا نہیں کیا گیا) جو کارپوریٹ ادارے کی جانب سے پیش ہوگا اور وہ ووٹ دے گا مع نیابت داری فارم کمپنی کو فراہم کرنا ہوگا۔

v. ممبران کی جانب سے نیابت دار اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کرنے کے لئے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کرنا ہوں گی ان کی جانچ پڑتال کے بعد ویڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ ان معلومات فراہم کی جائیں گی۔

| نیابت دار کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل پتہ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

## پوسٹل بیلٹ:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۸ کے تحت، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لئے، اخواہشمند افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کی دفعہ (۱) ۱۵۹ کے تحت طے شدہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو، تب ممبران کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنے حق رائے دہی کے استعمال کی اجازت دی جائے گی یعنی مذکورہ ضابطے میں شامل تقاضوں اور طریقہ کار کے مطابق پوسٹ کے ذریعے یا ای ووٹنگ کے ذریعے حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں۔

## حصص کتب منتقلی کی بندش:

کمپنی کے حصص منتقلی کی کتب ۶ جولائی ۲۰۲۱ تا ۱۲ جولائی ۲۰۲۱ (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی اور اس دوران کوئی بھی حصص منتقلی کیلئے قبول نہیں کئے جائیں گے۔ ۵ جولائی ۲۰۲۱ کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک 'بی'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰، پاکستان میں وصول ہونے والی درست منتقلی بروقت تصور ہوں گی۔

## ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے رضامندی:

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کی سیکشن (ب) (۱) ۱۳۴ کے تحت، اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر رہنے والے بحیثیت مجموعی ۱۰ فیصد یا زائد کے حصہ داران کی طرف سے اجلاس کی تاریخ سے ۷ یوم قبل ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی رضامندی موصول ہو جائے تب کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس سہولت کا اہتمام کرے گی بشرطیکہ اس شہر میں یہ سہولت دستیاب ہو۔ اس سہولت سے استفادہ کے لئے درخواست کمپنی کے کمپنی سیکرٹری کو نیچے دیئے گئے پتہ پر جمع کرائی جائے:

کمپنی سیکرٹری،

اٹک ریفائنری لمیٹڈ،

پوسٹ آفس ریفائنری،

مورگاہ، راولپنڈی

## کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر /قومی ٹیکس نمبر:

وقتاً فوقتاً جاری کردہ ریگولیٹری ہدایات کی تعمیل میں وہ ممبران جنہوں نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) نمبرز اور/ یا نیشنل ٹیکس نمبرز (این ٹی این)، جیسی صورتحال بھی ہو، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد درج ذیل ہدایت کے مطابق اپنے موثر سی این آئی سی اور/ یا این ٹی این سرٹیفکیٹس کی کاپیاں فراہم کریں۔

☆ فزیکل حصص کی صورت میں حصص داروں سے گزارش ہے کہ مذکورہ بالا معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔

☆ حصص سینٹرل ڈیپازیٹری نظام میں رکھنے والے حصص داران مذکورہ بالا معلومات براہ راست متعلقہ شراکت دار/ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کروائیں۔

## کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کی شق (۳) ۱۶۶ کے تحت ضروری حقائق کا بیان:

اس بیان میں ۱۲ جولائی ۲۰۲۱ کو منعقد ہونے والی کمپنی کے غیر معمولی اجلاسِ عام میں منتخب ہونے والے آزاد ڈائریکٹر کے طور پر کسی فرد کو تقرری کے لئے منتخب کرنے کے جواز سے متعلق مادی حقائق کا تعین کیا گیا ہے۔

آزاد ڈائریکٹر کا انتخاب کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹ اور (۱) ۱۶۶ کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا اور وہ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کی دفعہ (۲) ۱۶۶ اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز ۲۰۱۸ کے تحت وضع کردہ معیار پر پورا اترتے ہوں گے۔ کمپنی کسی شخص کو بطور آزاد ڈائریکٹر منتخب کرنے سے قبل اس کی پوری اہلیت کی جانچ پڑتال کرے گی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے زیر انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں آزاد ڈائریکٹر کا نام موجود ہو۔

40x4